نیو البرا پبلک اسکول راجباغ سرینگر (صفحہ ۱)

ٹرم اول ۲۰۲۲ء "حل کردہ اسائنمنٹ" اردو: اے۔بی

عنوان:- ہمدردی جماعت: سوم

سبق نمبر:- ۷

| | الفاظ | معنی | | الفاظ | معنی | | الفاظ | معنی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ٹہنی | شاخ | ۴ | آشیان | گھونسلہ | ۷ | راہ | راستہ |
| ۲ | شجر | درخت | ۵ | آہ و زاری | چیخ و پکار | ۸ | مشعل | روشنی |
| ۳ | اُداس | غمگین | ۶ | ذرا سا | معمولی | | | |

"تحریری سوالات"

سوال۱ درخت کی شاخ پر کون اُداس بیٹھا تھا؟
جواب درخت کی شاخ پر بلبل اُداس بیٹھا تھا۔
سوال۲ بلبل کی آہ و زاری سُن کر جگنو نے کیا کہا؟
جواب بلبل کی آہ و زاری سُن کر جگنو نے کہا کہ میں تمہاری مدد کو جان و دل سے حاضر ہوں۔
سوال۳ اللہ نے جگنو کو کیا چیز دی ہے؟
جواب اللہ نے جگنو کو روشنی دی ہے۔
سوال۴ یہ نظم کس شاعر نے لکھی ہے؟
جواب یہ نظم اقبالؒ نے لکھی ہے۔

۲ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر ٹِک (✓) کا نشان لگائیے۔

۱ اقبالؒ نے [✓] ۲ بلبل [✓] ۳ جگنو نے [✓]

۳ خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

۱ شجر ۲ آشیان ۳ اندھیرا ۴ جگنو۔

۴ ذیل کے کالم "ب" میں دیے گئے الفاظ کو کالم "الف" میں دیے گئے ہم معنی الفاظ کے ساتھ ملائیے:

Scanned with CamScanner

(صفحہ ۲)

| نمبر | الف | ب | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ٹہنی | چھوٹا سا | (۵) |
| ۲ | اُداس | روشنی | (۶) |
| ۳ | آشیان | فریاد | (۴) |
| ۴ | آہ وزاری | غمگین | (۲) |
| ۵ | ذرا سا | گھونسلہ | (۳) |
| ۶ | مشعل | شاخ | (۱) |

۵ بلبل ایک پرندہ ہے۔ آپ بھی پانچ پرندوں کے نام لکھئے:

۱ طوطا ۲ مینا ۳ کوّا ۴ مور ۵ چیل۔

عنوان:- نیکی رنگ لائی۔ سبق نمبر:- ۹

| نمبر | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | اچانک | اتفاق سے |
| ۲ | ڈنک مارنا | کانٹا چبھو دینا |
| ۳ | احسان | نیکی |
| ۴ | رحم | انصاف |
| ۵ | بھیگ گئی | تر ہو گئی۔ |
| ۶ | چوک جانا | غلط ہونا۔ |
| ۷ | جھٹ | فوراً۔ |
| ۸ | رنگ لانا | اچھا نتیجہ نکلنا۔ |
| ۹ | چھتّہ | وہ ڈبہ جس میں شہد کی مکھیاں شہد جمع کرتی ہیں۔ |

"تحریری سوالات"

سوال ۱ شہد کی مکھی کہاں جا رہی تھی؟

جواب شہد کی مکھی پھولوں کا رس چوس کر اپنے چھتّے کی طرف اُڑ رہی تھی۔

سوال ۲ شہد کی مکھی کو کس نے پانی میں ڈوبتے دیکھا؟

جواب شہد کی مکھی کو فاختہ نے پانی میں ڈوبتے دیکھا۔

Scanned with CamScanner

سوال ۳ فاختہ نے شہد کی مکھی کو بچانے کے لیے کیا کیا؟ (صفحہ ۳)
جواب فاختہ نے شہد کی مکھی کو بچانے کے لیے درخت سے سوکھا پتہ کاٹ کر مکھی کے سامنے رکھ دیا۔
سوال ۴ شہد کی مکھی نے فاختہ کو بچانے کے لیے کیا کیا؟
جواب شہد کی مکھی نے فاختہ کو بچانے کے لیے شکاری کے ہاتھ پر ڈنک مارا۔
سوال ۵ اس کہانی سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟
جواب اس کہانی سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں بھی ایک دوسرے کی مدد کرنی چاہیئے۔

۲ خالی جگہوں کو پُر کیجیے۔
ا ڈوبنے ۲ شکاری ۳ ڈنک ۴ جان۔

۳ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) کا نشان لگائیے:
(On Pg no. 50)
ا دریا میں ✓ ii فاختہ نے ✓ iii مکھی نے ✓
ب درخت تھا ✓ ii سوکھے پتے پر ✓ (On Pg no. 51)

سبق نمبر: ۱۰

عنوان: ہوا اور سورج۔

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | تذکرہ چھیڑنا | ذکر کرنا۔ |
| ۲ | سہارا | مدد۔ |
| ۳ | طے پانا | فیصلہ لینا |
| ۴ | سہلا دینا | خوشامد کرنا / آرام پہنچانا۔ |
| ۵ | نوازنا | عنایت کرنا |
| ۶ | دم سنبھلنا | آرام محسوس کرنا |
| ۷ | چمٹ جانا | کس لینا |

Scanned with CamScanner

| | | |
|---|---|---|
| ۸ | سستانا | آرام لینا / تھکان دور کرنا (صفحہ ۴) |
| ۹ | شدت | سختی / زیادتی |
| ۱۰ | سائیں سائیں | تیز ہوا کی آواز |
| ۱۱ | بھاری لگنا | وزن دار محسوس ہونا |
| ۱۲ | جتانا | آگاہ کرنا / خبردار کرنا |

## "تحریری سوالات"

سوال ہوا میں خدا نے کون کون سی نعمتیں عطا کی ہیں؟ کسی تین کا ذکر کیجیے۔

جواب ہوا میں خدا نے بہت سی نعمتیں عطا کی ہیں۔ ان میں سے تین طاقت، ٹھنڈی اور زور ہیں۔

سوال۲ ہوا جب غصے ہو جاتی ہے تو کیا کرتی ہے؟

جواب ہوا جب غصے ہو جاتی ہے تو زور سے چلتی ہے۔

سوال۳ جب ہوا نے سورج سے اپنی طاقت دکھانے کے لیے کہا تو اس نے کیا جواب دیا؟

جواب سورج نے سوچا خالی زبان سے جتانا کوئی ثبوت نہیں بہتر یہ ہوگا کہ ہم اپنی اپنی طاقت آزما کر جتائیں گے۔

سوال۴ دونوں نے اپنی طاقت آزمائی کی کیا شرط رکھی؟

جواب دونوں نے اپنی طاقت آزمائی کی یہ شرط رکھی کہ جو مسافر کو اپنا کوٹ اُتارنے پر مجبور کرے گا اسی کو زیادہ طاقت ور مانا جائے گا۔

سوال۵ جب ہوا کی زور آزمائی کا وقت آیا تو مسافر نے کیا کیا؟

جواب مسافر نے اپنے کوٹ کے بٹن بند کیے اور تیز تیز چلنے لگا۔

Scanned with CamScanner

سوال ۶ جب سورج کی زور آزمائی کا وقت آیا تو (صفحہ ۵)
مسافر نے کیا کیا؟
جواب جب سورج کی زور آزمائی کا وقت آیا تو مسافر
نے فوراً اپنے کوٹ کو اُتارا۔
سوال ۷ آخرکار زیادہ طاقت ور کس کو مانا گیا اور کیوں؟
جواب آخرکار زیادہ طاقت ور سورج کو مانا گیا کیونکہ
اس نے شرط جیت لی تھی۔
۳ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓)
لگائیے!
۱ ٹھنڈی ہوا سے ☐ i سائیں سائیں ☑ ii مسافر پر ☑

عنوان: نائی اور بندر — سبق نمبر: ۱۱

| | الفاظ | معنی |
|---|---|---|
| ۱ | شرارتی | شرارت کرنے والا |
| ۲ | آنکھ لگنا | نیند آنا، سو جانا |
| ۳ | استرہ | بال مونڈنے کا اوزار |
| ۴ | توڑ پھوڑ | ٹوٹ پھوٹ |
| ۵ | ماہر | واقف |
| ۶ | دھار | تلوار یا استرے کی تیزی |
| ۷ | نائی | حجام |
| ۸ | آنکھ کھلنا | نیند کھلنا، بیدار ہونا |

"تحریری سوالات"

سوال بندر کہاں رہتا تھا؟
جواب بندر جامن کے پیڑ پر رہتا تھا۔

Scanned with CamScanner

سوال ۲ بندر آرام کرنے والے لوگوں کے سامان کا کیا (صفحہ ۶)
کرتا تھا؟
جواب بندر آرام کرنے والے لوگوں کے سامان کو پیڑ پر
چڑھاتا اور پھر توڑ پھوڑ کر نیچے پھینک دیتا تھا۔
سوال ۳ جب نائی کی آنکھ لگ گئی تو بندر نے کیا کیا؟
جواب بندر نے صندوقچی سے ایک استرہ نکالا اور تیزی
سے درخت پر چڑھ گیا۔
سوال ۴ نائی نے بیدار ہو کر جب دیکھا کہ اس کا استرا
بندر نے لیا ہے تو اس نے کیا کیا؟
جواب نائی نے اپنا دوسرا استرا نکالا اور اُس کو اُلٹی
طرف سے اپنی ناک پر پھیرا۔
سوال ۵ بندر کو نائی کی نقل کرکے کیا پیش آیا؟
جواب بندر کو نائی کی نقل کرکے سزا ملی۔
سوال ۶ جب بندر کی ناک زخمی ہوئی تو اس نے استرے
کا کیا کیا؟
جواب بندر نے استرے کو فوراً نیچے پھینک دیا۔
سوال ۷ چالاک کون تھا "بندر یا نائی" اور کیسے؟
جواب چالاک نائی تھا کیونکہ اس نے بندر کو
بے وقوف بنایا۔
۳ ذیل میں دیے گئے سوالات کے صحیح جواب پر (✓) نشان
لگائیے۔
i نقل کرنے میں ✓ ii نائی کا استرا ✓
iii الٹی دھار سے ✓

سبق نمبر: ۴ — اردو گرامر — صفحہ (۷)

## اسم معرفہ کی تیسری قسم "اسم اشارہ"

سوال: اسم اشارہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: اسم اشارہ وہ اسم ہے جو کسی چیز کی طرف اشارہ کے طور پر استعمال کیا جائے۔ مثلاً یہ لڑکا، وہ آدمی وغیرہ جس چیز کی طرف اشارہ کیا جائے مشارُالیہ کہتے ہیں۔

۱: ذیل میں دیے گئے جملوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے:

(Pg no. 16)

۱. یہ ___



۲. وہ ___



۲

۳. یہ ___



۳

۴. وہ ___



۴

۲: درج ذیل جملوں میں اسم اشارہ والے الفاظ کو دائرہ بند کیجیے:

۱. (یہ) کس کی کتاب ہے؟ ۲. (وہ) میرا بھائی ہے۔

۳. (وہ) دہلی سے کب آئے گا؟ ۴. (یہ) کسی کی غلطی نہیں۔

Scanned with CamScanner

۳۔ شکلوں کی دوری یا نزدیکی کو دیکھ کر خالی جگہوں میں اسم اشارہ لکھ دیجیے: (صفحہ ۸)

۱.  میری کتاب ہے۔ یہ/وہ = یہ

۲. دیکھو  چمکتا ہے۔ یہ/وہ = وہ

۳.  پہاڑ کی چوٹی پر پہنچ گیا ہے۔ یہ/وہ = یہ

۴.  بہت میٹھا ہے۔ یہ/وہ = وہ

۵.  کالی بلی ہے۔ یہ/وہ = یہ

۶.  لڑکی ناچتی ہے۔ یہ/وہ = وہ

Scanned with CamScanner

سبق نمبر: ۵ (صفحہ ۹)

اسم معرفہ کی چوتھی قسم۔ "اسم موصول"

سوال: اسم موصول کسے کہتے ہیں؟

جواب: اسم موصول وہ اسم ہے جس کے ساتھ جب تک کوئی اور جملہ نہ ملایا جائے تب تک پورے معنی نہیں دیتا جیسے جو، جب تک، جہاں، جونسا، جونہی، جس وغیرہ۔

1. اسم موصول کو زیر نظر رکھتے ہوئے ان جملوں کی خالی جگہوں کو پُر کیجیے: (Pg no. 18)

۱. اس ۲ وہاں ۳ اس ۴ وہ

2. درج ذیل نا تمام جملوں میں جملہ صلہ (موصول) لگائیے:

۱. جہاں چاہو۔ وہاں رہو۔

۲. جو محنت کرے گا۔ اول آئے گا۔

۳. جو کچھ بھی پڑھو۔ اسے یاد رکھو۔

3. دیے گئے سوالوں کے صحیح جواب پر ٹک کا نشان لگائیے: (On Pg no 18 and 19)

۱. اسم موصول کو اسم ناتمام بھی کہتے ہیں۔

i اسم تمام ☐ ii اسم ناتمام ☑ iii صلہ ☐

۲. اسم موصول کے صلہ لگانے سے جملہ مکمل بن جاتا ہے۔

i صلہ ☑ ii فقرہ ☐ iii جملہ ☐

۳. جملے کو صلہ لگا کر پورا کیجیے (جو ڈھونڈے گا وہ پائے گا)

i لائے گا ☐ ii کھائے گا ☐ iii ڈھونڈے گا ☑

۴. کالم الف میں دیے گئے اسماء موصول کو (صفحہ ۱۰) کالم ب میں دیے گئے اسماء صلہ سے ملائیے۔

(Pg no.19)

| کالم (الف) | کالم (ب) |
|---|---|
| ۱. آپ کو وہ دن یاد ہوگا | کہ وہ میرے سامنے بات کرے |
| ۲. اس کی کیا مجال | جس دن میں نے آپ کی پٹائی کی تھی۔ |
| ۳. جب تک کہ وہ صاف صاف بات نہ کہے گا | اس کو یاد بھی کرتے جاؤ |
| ۴. جو بھی لفظ تم پڑھتے جاؤ | اس کو جیل سے آزادی نہیں ملے گی۔ |

۵. درج ذیل جملوں (اسم موصول) کے ساتھ جملہ صلہ لگا کر پورا کیجیے:

۱. جن سے کچھ حاصل کرو۔ ان کا شکریہ ادا کرو۔
۲. جو غیر حاضر رہے گا۔ سزا پائے گا۔
۳. جس جگہ بیٹھے ہو۔ وہیں بیٹھے رہو۔
۴. جو کچھ پڑھو۔ اسے یاد رکھو۔

۶.

| | واحد | جمع | | واحد | جمع |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | تالا | تالے | ۵ | کمرہ | کمرے |
| ۲ | طرف | طرفیں | ۶ | جگہ | جگہیں |
| ۳ | چابی | چابیاں | ۷ | روٹی | روٹیاں |
| ۴ | حیوان | حیوانات | ۸ | آلہ | آلات |

Scanned with CamScanner

مضمون:- میرا مدرسہ۔

ہمارے مدرسہ کا نام نیوالیرا پبلک سکول ہے۔ یہ راجباغ میں واقع ہے۔ یہ دو منزلہ عمارت میں واقع ہے۔ اس کے ۵۰ کمرے ہیں۔ پرنسپل صاحب کا کمرہ الگ ہے۔ سائنس لیبارٹری اور لائبریری کے دو الگ الگ کمرے ہیں۔
یہاں دسویں جماعت تک تعلیم دی جاتی ہے اور بچوں کی تعداد ایک ہزار کے لگ بھگ ہیں۔ بچوں کے پڑھانے کے لیے ۱۰۰ اساتذہ صاحبان ہیں جو سب کے سب اعلیٰ تعلیم یافتہ ہیں۔
یہاں کھیلنے کے لئے ایک بڑا میدان ہے۔ ہمارا اسکول ۹ بجے صبح لگتا ہے اور ۳ بجے بند ہوتا ہے۔ مجھے اپنا سکول بہت پیارا لگتا ہے۔

⇐ اپنے دوست کے نام امتحان میں پاس ہونے پر مبارکبادی کا خط لکھئے:

راجباغ سرینگر
۲۲- اپریل - ۲۰۲۱ء

پیارے ا۔ب۔ج

سلامت رہو
میں بہت خوش ہوا/ہوئی۔ جب میں نے کل شام کو سنا کہ تم دوسری جماعت میں اول آگئے/آگئی ہو۔ اس کامیابی پر میری اور میرے والدین کی طرف سے مبارک باد قبول ہو۔ خدا تم کو سلامت رکھے۔

تمہارا دوست / سہیلی
ا۔ب۔ج

| نمبر | لفظ | ضد |
| --- | --- | --- |
| ۱ | بوڑھا | جوان |
| ۲ | امیر | غریب |
| ۳ | حلال | حرام |
| ۴ | صحیح | غلط |
| ۵ | دوست | دشمن |
| ۶ | بہادر | بزدل |
| ۷ | محبت | نفرت |
| ۸ | پورا | آدھا |

| نمبر | لفظ | مترادف |
| --- | --- | --- |
| ۱ | کالا | سیاہ |
| ۲ | رفیق | ساتھی |
| ۳ | چراغ | دِیا |
| ۴ | مدرسہ | درسگاہ |
| ۵ | ظرف | برتن |
| ۶ | کنواں | چاہ |
| ۷ | چاہ | خواہش |
| ۸ | سالم | پورا |
| ۹ | جانور | حیوان |

## کہانی :- "لالچی کتا"

ندی کے اوپر ایک پُل تھا۔ پُل پر سے ایک کتا جا رہا تھا۔ کتے کے منہ میں گوشت کا ایک ٹکڑا تھا۔ اس نے پُل پر سے پانی کی طرف دیکھا۔ پانی میں اس نے اپنا سایہ دیکھا۔ اس نے سمجھا کہ یہ دوسرا کتا ہے اور اس کے منہ میں بھی گوشت کا ٹکڑا ہے۔ لالچ کی وجہ سے کتے نے اس پر چھلانگ ماری۔ اس کے منہ سے گوشت کا ٹکڑا گر گیا اور پانی کے ساتھ بہہ گیا۔ وہ بڑی مشکل سے اپنے آپ کو بچا سکا۔

نتیجہ :- لالچ بری بلا ہے۔

نوٹ :- "والدین سے گزارش ہے کہ وہ اپنے بچوں کی پڑھائی میں مدد کریں۔"

Scanned with CamScanner